© rasailojaraid.com

نئے اخبارات و رسائل

ہمارا مستقبل اڈیٹر آفتاب احمد خاں صاحب تقطیع کلاں، ضخامت ۶۲ صفحات ۔ کتابت طباعت صاف اور عمدہ چندہ سالانہ ۳ روپے، مقامِ اشاعت لکھنؤ

یہ رسالہ لکھنؤ سے شائع ہوتا ہے ۔ کئی پرچے ریویو کے لیے ہمارے پاس آئے تھے ۔ دو تین ماہ سے کوئی پرچہ نہیں آیا ۔ رسالہ کا مقصد سیاسی ہے، لیکن مضامین سے معلوم ہوتا ہے کہ ارباب رسالہ کے نزدیک مسلمانوں کے سیاسی مستقبل کا روشن ہونا صرف عالمِ بالا کی باتیں کرنے پر منحصر ہے ۔ ضرورت اس کی ہے کہ بے تعصبی اور سنجیدگی کے ساتھ مسلمانوں کے حیات سیاسی سے متعلق مسائل پر گفتگو کی جائے

مجاہد لکھنؤ اڈیٹر کمال عظیم آبادی صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۴۸ صفحات قیمت ۱۲ سالانہ

یہ رسالہ لکھنؤ سے نکلنا شروع ہوا ہے ۔ حضرات شیعہ کا آرگن ہے ۔ مذہبی اور اخلاقی مضامین نثر و نظم ہوتے ہیں ۔ "الشیعہ وفنون الاسلام" کے نام سے ایک کتاب بھی بطور ضمیمہ مسلسل شائع ہو رہی ہے ۔

مصحف تقطیع کلاں، ضخامت ۵۲ صفحے، کتابت، طباعت عمدہ، قیمت ۲ روپے، سالانہ ۔ یہ رسالہ جامعہ دار السلام عمر آباد (مدراس) کا مذہبی اور ادبی آرگن ہے ۔ شاکر صاحب نائطی کی ادارت میں نکلتا ہے مضامین نثر و نظم اچھے اور مفید ہوتے ہیں لیکن ضرورت ہے کہ اس کے معیار کو اور بلند کیا جائے اور "جامعہ" کی مناسبت سے تحقیقی مذہبی مضامین کا حصہ زیادہ ہو ۔

الفلاح تقطیع بڑی، ضخامت ۳۲ صفحات، قیمت سالانہ ۱۲، پتہ :- بلٹن بازار پرتاب گڈھ ۔

یہ رسالہ منیر احمد صاحب کی ادارت میں نکلتا ہے ۔ ہمیں صرف اس کا ایک پرچہ برائے ریویو موصول ہوا ہے ۔ اس پرچہ میں مختلف ارباب علم کے مطبوعہ مضامین کی تعداد زیادہ ہے ۔ رسالہ مذہبی مضامین سے پر ہے

حشر ملتان تقطیع بڑی ۔ ضخامت ۔ ۴۸ صفحات ۔ طباعت کتابت متوسط ۔ سالانہ چندہ عہ ر یہ رسالہ بھیم سین

© rasailojaraid.com